# مقدس شربل میخالوف (کاہن)

آپ 8 مئی 1828 میں لبنان کے مقام بِکہ کافرہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والدین محنت مزدوری کرتے اور مثالی مسیحی زندگی کی وجہ سے مشہور تھے۔ آپ نے اپنے والدین سے مذہبی تعلیم اور ریاضتی زندگی کا درس پایا۔ ابھی آپ چھوٹی عمر ہی کے تھے کہ آپ کے والد انتقال کر گئے۔ آپ کو مقدسہ مریم سے خصوصی لگن اور عقیدت تھی۔ اپنی روحانی زندگی کیلئے آپ مشہور کتاب ''تقلید المسیح'' پڑھا کرتے تھے۔ 23 برس کی عمر میں آپ ایک قریبی راہب خانہ میں تعلیم و تربیت کیلئے تشریف لے گئے۔ 1851 میں آپ نے انطاکیہ کے دوسری صدی کے شہید شربل کے نام کو اختیار کیا۔ دائمی وعدوں کے بعد 1859 میں آپ کاہن بنے۔ آپ نے درویشانہ زندگی بسر کی۔ آپ کے دل میں ہمیشہ ابتدائی آبائے کلیسیا کی طرزِ زندگی اختیار کرنے کا جذبہ رہتا تھا۔ آپ اپنے راہب خانہ میں انتہائی دُعائیہ، ریاضتی، حلیمی، تابعداری، خود انکاری کی زندگی اور سخت محنتی کاموں کی وجہ سے مشہور تھے۔ اپنے خواب کو پورا کرنے کیلئے 1875 میں 16 برس کے بعد آپ نے اپنے راہب خانہ کو خیر باد کہا اور ایک دور دراز مقام پر مکمل درویشانہ زندگی اختیار کر لی جہاں آپ نے اپنی زندگی کے باقی ماندہ 23 برس گزارے۔ آپ کو دیکھتے ہوئے تین اور ساتھی آپ سے آملے۔ آپ بیشتر وقت خاموش رہتے اور ضرورت پڑنے پر مختصر بات کرتے تھے۔ آپ کھانے میں صرف سبزیاں کھاتے، گوشت اور پھل آپ کی غذا میں بالکل شامل نہ تھی۔ آپ سال میں 4 بار مختلف دُورانیہ کے روزے رکھتے تھے۔ آپ پیسوں کو چھوتے تک نہیں تھے۔ آپ بے آرام بستر پر سوتے اور لکڑی کا ٹکڑا آپ کا تکیہ ہوتا۔ آپ آدھی رات کے وقت عبادت کرنے کو زیادہ ترجیح دیتے تھے۔ آپ کی روحانی زندگی کو دیکھ کر بہت سارے لوگ آپ سے روحانی گفتگو اور مشورہ لینے آتے

تھے۔اکثر لوگ آپ سے دُعا کروانے اور برکت لینے بھی آتے۔زندگی کے آخری ایام میں آپ پر فالج کا حملہ اُس وقت ہوا جب آپ پاک ماس کے دوران تبدل کے الفاظ ادا کر رہے تھے۔24 دسمبر کو آپ اس دنیا سے رحلت کر گئے۔آپ کی وفات کے بعد بہت سارے معجزات رونما ہوئے۔آپ کی وفات کے کچھ ماہ بعد لوگوں نے آپ کی قبر کو حلقہِ نور میں دیکھا اور جب آپ کی قبر کھودی گئی تو آپ کے سارے جسم سے پسینہ اور خون رِس رہا تھا۔آپ کے جسدِ خاکی کو احترام دوسرے کفن میں رکھ دیا گیا۔1927 اور پھر 1950 میں آپ کے کفن کو بہت سارے لوگوں جن میں ماہر ڈاکٹرز بھی موجود تھے کھولا گیا تاکہ اِس ''خون پسینے'' کی حقیقت کو جانا جا سکے۔تاہم آپ کے جسم کو تروتازہ دیکھ کر کوئی بھی اِس ناقابلِ یقین اور حیرت انگیز واقعہ کو نہ سمجھ سکا۔آپ کی وجہ سے لبنان اور اِرد گرد کے علاقوں میں اخلاقی اور روحانی تبدیلی رونما ہوئی اور بہت سے لوگ ایمان لے آئے۔آپ کی قبر پر مسیحی اور غیر مسیحی دونوں بڑی عقیدت سے آتے ہیں اور شفاوشفاعت حاصل کرتے ہیں۔

**اے مقدس شربل میخالوف**

**ہمارے واسطے دُعا کر!**